© rasailojaraid.com

# مطالعہ کی میز پر

محمد رمضان یوسف سلفی
فیصل آباد

## مقلدین ائمہ کی عدالت میں

مصنف: ابو انس محمد یحییٰ گوندلوی (شارح ترمذی و ابن ماجہ) صفحات ۲۹۲' قیمت ۱۴۰ مجلد لیمینیشن

ناشر: ادارہ مطبوعات سلفیہ راولپنڈی

ملنے کا پتہ: جامعہ تعلیم القرآن والحدیث ساہووالا ضلع سیالکوٹ

زیر تبصرہ کتاب مقلدین ائمہ کی عدالت میں معروف عالمِ دین لائق مصنف اور عظیم مدرس و شارح حضرت مولانا شیخ الحدیث محمد یحییٰ گوندلوی حفظہ اللہ کی فکر انگیز کاوش ہے۔ اس میں انہوں نے مسئلہ تقلید کو اپنی تحقیق کا موضوع بنایا ہے۔ کتاب اپنے مندرجات کے اعتبار سے بہت عمدہ اور تحقیقی ہے۔ اس میں تقلید کی تاریخ' تقلید کیا ہے' تقلید اور اتباع سنت میں فرق' تقلید کی تردید احادیث سے' تقلید شخصی' مذاہب اربعہ کی حقیقت' تقلیدی کرشمے اور حنفی مذہب ایسے عنوانات قائم کر کے حقائق کو وضاحت سے اجاگر کیا گیا ہے۔ کتاب ۱۹ ابواب میں منقسم ہے اور ہر باب اپنے دامن میں وقیع معلومات سموئے ہوئے ہے۔ مولانا یحییٰ صاحب نے تقلید کے رد میں بے شمار دلائل دیئے ہیں اور مقلدین کو ائمہ کرام کی عدالت کے کٹہرے میں لا کھڑا کیا ہے۔ اگر کوئی دوست اسلام کی سچی تعلیمات اور اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کے مطابق زندگی گزارنا چاہتا ہے تو اسے چاہئے کہ وہ اس کتاب کا مطالعہ کرے۔ مسئلہ تقلید کو سمجھنے کیلئے یہ کتاب بہت موزوں ہے اور بھٹکے ہوئے مقلدین کیلئے صراطِ مستقیم۔ کتاب کی طباعت' کاغذ' پرنٹنگ' جلد بندی اور ظاہری معنوی خوبصورتی نمایاں ہے۔ البتہ پروف ریڈنگ کی بعض غلطیاں ہیں امید ہے آئندہ ایڈیشن میں دور کر لی جائیں گی۔

## دیارِ حبیب سے دیارِ صلیب تک

مصنف: ڈاکٹر طاہر محمود صاحب

صفحات ۳۲۴' قیمت ۱۶۰ روپے

الناشر: مکتبہ الاخوان 142/A لیاقت ٹاؤن فیصل آباد

ڈاکٹر طاہر محمود صاحب جواں فکر عالمِ دین ہیں۔ انہوں نے جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ سے ڈاکٹریت کی ڈگری حاصل کی ہے۔ عربی زبان میں کئی کتابیں لکھ چکے ہیں۔ متبحر اور محقق عالمِ دین ہیں' لکھنے پڑھنے کا ذوق اچھا ہے۔ پیش نگاہ کتاب ان کا وہ ایمان افروز اور فکر انگیز سفر نامہ ہے جس کا آغاز انہوں نے 1990ء کے رمضان المبارک میں مدینہ یونیورسٹی سے کیا تھا اور مشرقی لندن ماسک پہنچے تھے۔ آغاز سفر کے بعد انہیں جن حالات و واقعات سے سامنا ہوا اور انہوں نے اسلامی اور مغربی تہذیب میں جو تصادم دیکھا اسے خوبصورت پیرائے میں صفحہ قرطاس پر مرتسم کر دیا۔ ہمارے اس فاضل دوست کا یہ سفر نامہ دعوتی و اصلاحی پہلو سے بھی خاص اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے جابجا قرآنی آیات اور احادیث پیش کر کے اسلامی تعلیم کو اجاگر کیا ہے اور مغربی تہذیب کے مفاسد کی تردید اور نقاب کشائی کی ہے۔ بلاشبہ یہ سفر نامہ اپنے دامن میں ندرت کی چاشنی معلومات کی فراوانی اور مشاہدات و واقعات کی دلکشی کا پہلو لئے ہوئے ہے۔ اردو سفر ناموں میں یہ قابل قدر اضافہ ہے۔ امید ہے کہ علمی و ادبی حلقوں میں یہ سفر نامہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

## مختصر صحیح سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم

مؤلف: ابو حاجی محمد داؤد عاجز و مسکین الحاج عبدالغنی

صفحات: ۴۰۱' قیمت ۲۰۰ روپے

ملنے کا پتہ: مولانا الحاج عبدالغنی پلاٹ نمبر 256، صابر سپر مارکیٹ دیپالپور اوکاڑہ، پنجاب

پیش نظر کتاب مختصر صحیح سنت الرسولؐ صلی اللہ علیہ وسلم مولانا عبدالغنی صاحب کی مرتب کردہ بہترین کاوش ہے۔ اس میں انہوں نے روزمرہ کے پیش آمدہ مسائل کو صحیح بخاری اور صحیح مسلم سے خاص دینی ضرورت کے تحت ترتیب دیا ہے۔ کتاب سنت نبوی جیسے اہم و عظیم امور پر مشتمل ہے۔ ان امور سے آگاہی ہر مسلمان کا فرض اور اس پر عمل کرنا ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔ بہر حال یہ کتاب سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا خوبصورت نقش ہے۔ اس کا مطالعہ مسلمان کے ایمان و عمل میں زیادتی کا باعث بنتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مصنف کو اجر عظیم سے نوازے۔ (آمین) قارئین اس کتاب کو خرید کر ضرور پڑھیں اس سلسلے میں وہ مؤلف سے براہ راست درج بالا پتہ پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔



© rasailojaraid.com